# اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

ZIL LIMITED

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ZIL لمیٹڈ کا چھپن واں سالانہ اجلاس عام بمقام رائل روڈیل کلب پلاٹ نمبر TC-V' 34th اسٹریٹ خیابان سحر فیز V ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی کراچی 29 اپریل 2016ء بروز جمعہ 9:00 بجے صبح درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا۔

## عمومی امور:

1- سالانہ اجلاس عام منعقدہ 27 اپریل 2015ء کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

2- ZIL لمیٹڈ کے پڑتال شدہ مالی گوشواروں ، ختم شدہ سال 2015ء کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس معہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کی وصولی ، غور اور منظوری کرنا۔

3- آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضہ کا تعین کرنا۔

**کراچی**

**مورخہ: 24 مارچ 2016ء**

**بحکم بورڈ**

**عطا الرحمن شیخ**

**کمپنی سیکریٹری**

**نوٹ:**

1- کمپنی کے حصص کی منتقلی کتابیں 23 اپریل 2016ء سے 29 اپریل 2016ء تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔

2- ایسے تمام ممبران جو میٹنگ میں شرکت کرنے اور ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں اپنی جگہ کسی اور فرد کو اپنے نمائندے کے طور پر اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے مقرر کر سکتے ہیں۔

3- نمائندگی (Proxy) کے موثر ہونے کے لئے لازمی ہے کہ پراکسیز فارم اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس کو موصول ہو جائیں۔

4- حصص یافتگان پتہ میں تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کے شیئرز رجسٹرار میسرز THK ایسوسی ایٹس پرائیویٹ لمیٹڈ ، دوسری منزل اسٹیٹ لائف بلڈنگ 3 ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ کراچی کو آگاہ کریں۔

5- سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 ، 2000ء میں دی گئی اضافی رہنمائی پر عمل کریں۔

CNIC یا NTN کی فراہمی

SECP نے SRO19(1)2014 کے تحت حکم دیا ہے کہ تمام لسٹڈ کمپنیز اپنے ڈیویڈنڈ وارنٹ پر وصول کنندہ یا اس کے مجاز نمائندے کا قومی شناختی کارڈ نمبر یا قومی ٹیکس نمبر (کمپنیز کی صورت میں) درج کریں۔ اس سلسلے میں تمام ایسے حصص یافتگان جنہوں نے ابھی تک درکار معلومات نہیں پہنچائی ہیں سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے نمبرز اوپر دیئے گئے شیئرز رجسٹرار کے پتے پر جلد از جلد پہنچا دیں۔